| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:3 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: عیدین اور اسلامی تہوار | باب دوم: ایمانیات و عبادات<br>(ب)عبادات |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- یہ جان سکیں کہ عیدالاضحیٰ ذی الحج کے مہینے میں آتی ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے عیدالفطر کے بارے میں پوچھیں۔ عیدالفطر کب منائی جاتی ہے؟ طلبہ کے جوابات لیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں مسلمان دو طرح کی عیدیں مناتے ہیں ایک کو عیدالفطر اور دوسری کو عیدالاضحیٰ کہا جاتا ہے۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں وہ عیدالاضحیٰ کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۵ پر عیدالاضحیٰ کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں عیدالاضحیٰ کو بڑی عید یا عیدِ قربان بھی کہتے ہیں۔ یہ عید ذی الحج کی ۱۰ تاریخ کو منائی جاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اسلام میں قربانی کی بہت زیادہ فضیلت و عظمت ہے۔
- طلبہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اللہ تعالیٰ کی راہ میں دی گئی قربانی کا واقعہ سنائیں۔

- اُنھیں آگاہ کریں کہ یہ عید اور اِس پر کی جانے والی قربانی دراصل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اسوۂ حسنہ کی تائید ہے یعنی اس عید پر مسلمان حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنّت کی پیروی کرتے ہوئے مختلف جانور ذبح کرتے ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کیا وہ قربانی کرتے ہیں اور کن کن جانوروں کو قربان کیا جاتا ہے۔
- تختۂ تحریر پر طلبہ کی طرف سے بتائے جانے والے جانوروں کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قربانی کا مطلب ہے کہ ہم اپنی ہر چیز اللہ تعالٰی کی راہ میں قربان کرنے کے لیے تیار ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صاحبِ استطاعت | صاحب۔اِس۔تے۔طاعت | مال دار |
| پیروی کرنا | پے۔رَ۔وی کرنا | نقشِ قدم پر چلنا |

**اعادہ: 2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ: 6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (۳) طلبہ سے کاپیوں پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام: 2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ**

طلبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا واقعہ کمرا جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:3 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: عیدین اور اسلامی تہوار | باب دوم: ایمانیات وعبادات<br>(ب)عبادات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- عیدین کے موقع پر کیے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں عالمِ اسلام میں منائے جانے والی دونوں عیدوں کو بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ پاکستان ایک اسلامی نظریاتی ملک ہے یہاں عیدین بڑے شاندار طریقے سے منائی جاتی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۶ تا ۲۷ پورے سبق کا متن پڑھائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں عیدالفطر کے دن مسلمان غسل کر کے نئے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نمازِ عید ادا کرنے عید گاہ جاتے ہیں۔ اس موقع پر مسلمان فطرانہ کی صورت میں اپنے غریب اور نادار بھائیوں کی مدد کرتے ہیں تاکہ وہ بھی عید کی خوشیوں میں شامل ہو سکیں۔
- عیدالاضحیٰ کے موقع پر طلبہ سے پوچھیں وہ کیا کرتے ہیں انھیں بولنے کا موقع دیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔
- انھیں بتائیں عیدِ قربان پر لوگ اچھے اور صاف ستھرے کپڑے پہن کر نمازِ عید ادا کرتے ہیں سنّتِ ابراہیمی کی پیروی کرتے ہوئے مختلف جانوروں مثلاً گائے، بکرے، اُونٹ وغیرہ کی قربانی کرتے ہیں۔

قربانی کے گوشت کے تین حصّے کیے جاتے ہیں۔ جس میں سے ایک حصّہ گھر کے لیے، دوسرا رشتہ داروں اور تیسرا غریبوں کے لیے رکھا جاتا ہے۔

- انھیں بتائیں تمام اقوامِ عالم میں اُمتِ مسلمہ کے ان تہواروں کو بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صدقہ | صَ۔دَ۔قہ | خیرات |
| واجب | وَا۔جِب | لازم۔ضروری |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں وہ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر کیا کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ عید کے موقع پر کس طرح دوسروں کی مدد کرتے ہیں؟ کمرا جماعت میں گفتگو کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

باب دوم: ایمانیات و عبادات

(ب) عبادات

سبق کا نام: عیدین اور اسلامی تہوار

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں عیدین اور تہواروں کا مقصد خوشی منانا اور شکر ادا کرنا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ان تہواروں کو جوش و خروش سے منائیں اور اپنی خوشیوں میں دوسروں کو بھی یاد رکھیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔ اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو بتائیں اسلامی کیلنڈر کے مطابق ایک سال میں ۱۲ مہینے ہوتے ہیں ان کے نام تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں اور طلبہ کو باآوازِ بلند پڑھوائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| محرم | صفر | ربیع الاوّل | ربیع الثانی | جمادی الاوّل | جمادی الثانی |
| رجب | شعبان | رمضان | شوال | ذی القعد | ذی الحج |

- انھیں بتائیں شوال کے مہینے میں عید الفطر اور ذی الحج کے مہینے میں عید الاضحیٰ منائی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ بھی اسلامی تہوار ہیں جنھیں مسلمان مذہبی جوش و خروش اور عقیدت سے مناتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ۲۷ رجب کو شبِ معراج، ۱۲ ربیع الاوّل کو عید میلاد النبی ﷺ اور رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو لیۃ القدر منائی جاتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| شب | شَب | رات |
| لیۃالقدر | لے۔لَ۔تُل۔قَدر | رمضان المبارک کے آخری عشرے کی ایک طاق رات عموماً ستائیسویں شب |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(۲)اور(۳)طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اسلامی تہواروں کے نام چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔